کشف المحجوب اردو

تصنیف

حضرت شیخ مخدوم علی ہجویری ثم اللاہوری

المعروف بہ داتا گنج بخش

رحمۃ اللہ علیہ

باہتمام

وقار علی بن مختار علی

ناشر:- مکتبہ تھانوی دیوبند "یوپی"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کشف المحجوب اردو

مصنف

حضرت شیخ مخدوم علی ہجویری ثم لاہوری

المعروف بہ داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

باھتمام

وقار علی بن مختار علی

ناشر

مکتبہ تھانوی، دیوبند، یوپی

اقتدار کا دعوی کرتے ہیں۔ اس کی کلام کو اپنی بیدینی کی دلیل بنائے ہوئے ہیں۔ اور اپنا نام حلاجی انہوں نے مشہور کرایا ہوا ہے اور آپ کے بارہ میں بہت غلو کرتے ہیں جیسے کہ رافضیوں نے حضرت علیؓ کی دوستی میں غلو کیا ہے اور ان کی تردید میں ایک باب اگر خدا نے چاہا تو لاؤں گا اور ان کے فرقوں کا بھی اس میں ذکر کروں گا۔ حاصل کلام یہ ہے چونکہ وہ مغلوب تھا اس لئے اس کی کلام کی اقتدار نہ کرنی چاہیئے۔ کلام میں اقتدا اس کی کرنی چاہیئے کہ جو اپنے حال میں قائم اور ہوش والا ہو۔ خدا کے فضل وکرم سے حسین منصور کی میرے دل میں بہت محبت ہے مگر اس کا طریقہ کسی اصل پر قائم نہیں اور اس کا حال کسی محل پر قرار پذیر نہیں اور اس کے احوال میں فتنہ و فساد بہت ہیں اور مجھے اپنی ظہور کی ابتداء میں اس کی طرف سے بہت سی دلیلیں دستیاب ہوئی تھیں اور اس سے پیشتر اس کی کلام کی شرح میں میں نے ایک کتاب بنائی ہے جس میں دلائل اور حجتیں اور کلام کی بلندی اور اس کے حال کی صحت ثابت کی گئی ہے اور میں نے اپنی تصنیف منہاج الدین میں اس کی ابتدا اور انتہا کا بیان کیا ہے اور اس جگہ بھی تھوڑا سا ذکر کر دیا۔ پس اس کے طریق کو جو اتنے اعتراضات کے بعد اس کی اصل ثابت ہوتی ہے کیوں قابل پیروی کے سمجھ لیا جائے اور اس کے ساتھ کیوں تعلق رکھا جائے مگر نفسانی خواہش کی پیروی کرنے والے کو کبھی سچائی سے موافقت نہیں ہو سکتی۔ ہمیشہ ٹیڑھے راستہ کی جستجو میں رہتا ہے تاکہ اس میں پڑے۔ اور آپ سے آتا ہے کہ آپ نے فرمایا اَلْاَلْسِنَۃُ مُسْتَنْطِقَاتٌ تَحْتَ نُطْقِہَا مُسْتَہْلِکَاتٌ یعنی بولنے والی زبانیں اپنی خاموش دلوں کو ہلاک کرنیوالی ہیں یعنی یہ عبارتیں سب کی سب آفتیں ہیں اور در حقیقت ایسی عبارات کے معنی بے ہودہ ہوتے ہیں۔ جب معنی حاصل ہوئے تو عبارت گم نہ ہوئی اور جب معنی گم ہو گئے تو عبارت بھی گم ہو گئی سوائے اس کے کہ وہ گمان کرتا ہے اور طالب کو ہلاک کرتا ہے اس لئے کہ وہ عبارتوں کو معنی خیال کرتا ہے۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

اور ان میں سے متوکلوں کا سپہ سالار اہل تسلیم کا سردار ابو اسحٰق ابراہیم بن احمد خواص رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں آپ توکل میں بہت بڑی شان رکھتے تھے اور بہت سے مشائخ سے آپ نے ملاقات فرمائی آپ کی کرامتیں بہت ہیں۔ اور